ڈھانچا، عضلات، نظامِ ہضم، نظامِ قلب و عروق، نظامِ لمفاوی، نظامِ تنفس، نظامِ بول، نظامِ اعصاب، نظامِ درون افرازی، نظامِ تولید، جلد) ہی سے کتاب کے وسیع دائرہ توضیح و تشریح کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔ جملہ لوازمے کو رنگین اور سادہ تصاویر، نقوش اور خاکوں کی مدد سے واضح کیا گیا ہے۔ طبی اصطلاحات اور اعضائے بدن کے انگریزی اور عربی مترادفات بھی بالالتزام دیے گئے ہیں۔ کتاب کی ایک قابلِ ذکر اور لائقِ تحسین خوبی یہ ہے کہ اس کی زبان آسان اور عام قاری کے لیے بھی قابلِ فہم ہے۔ کتاب نہایت اچھے معیار پر شائع کی گئی ہے۔ جلد مضبوط اور کاغذ نہایت عمدہ ہے۔ نہ صرف طب کے اساتذہ اور طلبہ و طالبات بلکہ علم الابدان سے دلچسپی رکھنے والے عام قارئین بھی محسوس کریں گے کہ انسانی جسم کی ساخت اور مختلف جسمانی اعضا کے افعال کو سمجھنے کے لیے یہ ایک مفید و معاون اور راہ نما کتاب ہے۔ ادارہ ہمدرد، بیت الحکمت اور مصنفین اس کتاب کی تحریر و تیاری اور اشاعت پر مبارک باد کے مستحق ہیں۔ (ر-د)

اسلام اور پیغمبرؐ اسلام اہلِ انصاف کی نظر میں، شیخ احمد بن حجر آل بوطامی، ترجمہ: اقبال احمد سلفی۔ ناشر: ادارۃ البحوث الاسلامی، جامعہ سلفیہ، بنارس۔ صفحات: ۲۲۶۔ قیمت: درج نہیں۔

مصنف، قطر کے محکمہ شرعیہ میں قاضی کے منصب پر فائز رہے۔ اس کتاب میں انھوں نے "دنیا کے منصف علما و مصلحین (کچھ نصرانی، کچھ غیر نصرانی) کے وہ اقوال و بیانات جمع کیے ہیں جن میں اسلام اور پیغمبرِ اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کے محاسن کا اعتراف کیا گیا ہے"۔ فاضل مصنف کے خیال میں اگرچہ اسلام ان شہادتوں کا محتاج نہیں مگر ان سے بہت سے لوگ حق کی معرفت کے سلسلے میں مطمئن ہو جائیں گے۔ کتاب دلچسپ اور معلومات افزا ہے۔ (ر-د)

ضروری تصحیح: "کتاب نما" (ستمبر ۹۵) میں فی ظلال القرآن (ترجمہ از سید حامد علی) پر تبصرے کے ضمن میں صرف تین جلدوں کا ذکر ہو سکا تھا۔ باقی دو جلدوں کی تفصیل یہ ہے:

جلد چہارم (المائدہ) صفحات: ۳۸۰۔ قیمت: ۱۲۰۔ صفحات جلد پنجم (پارہ ۳۰) صفحات: ۵۰۲۔ قیمت: ۱۵۰ روپے